بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَمَا خَلَقتُ الجِن والاِنسَ اِلا لِیَعبُدُون

صحیفۂ نماز

جلد اول

تالیف

السید حسین مہدی الحسینی

پیشکش

ڈاکٹر سید غلام عباس زیدی

التماس دعا و سورئہ فاتحہ

برائے تمام مرحوم مومن و مومنات شیعان اہلبیت بالخصوص

سید صادق حسین ابن سید تصدق حسین
سید ابد حسین ابن سید صادق حسین

سید جرار حسین ابن سید عابد حسین
سید سرفراز حسین ابن سید تفضل حسین

سید امیر حسین ابن سید تفضل حسین
سید بشیر حسین ابن سید غالب حسین

سید رشید حسین ابن سید غالب حسین
سید عترت حسین ابن سید رشید حسین

سید رئیس حسین ابن سید غالب حسین
سید مومنہ بی زوجہ سید عابد حسین

سید آمنہ بی زوجہ سید عابد حسین
سید ہانو بی بنت سید فتح حسین

سید اختری بی زوجہ سید عابد حسین
سید پروین بانو بنت سید کمال حیدر

مرزا حمید النسا بنت مرزا صغیر حسین
سید کنیز کبریٰ بنت سید ہاشم حسین

سید کنیز سیدہ بنت رشید حسین
سید کنیز زہرہ بنت سید ہاشم حسین

سید کنیز صغریٰ بنت سید ہاشم حسین
سید تسنیم شیریں بنت سید شبیر حسین

سید نصرت حسین ابن سید رئیس حسین
سید سعید حسین ابن سید غالب حسین

سید نذیر حسین ابن سید غالب حسین
سید محمد اختر ابن سید محمد شبر

سید محمد سبطین ابن سید محمد حسنین
سید مہ لقا بانو سید آل احمد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تالیف :السید حسین مہدی الحسینی

حسب فرمائش :ڈاکٹر سید غلام عباس زیدی

ناشر : مرکز تحقیقات، الحیاۃ، ممبئی، ہندوستان

نام کتاب :**صحیفۂ نماز**

تالیف :السید حسین مہدی الحسینی

سن اشاعت باراول :شعبان المعظم ۱۴۲۳ھ

سن اشاعت باردوم :رجب المرجب ۱۴۲۷ھ

سن اشاعت بارسوم :رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ

التماس سورہ فاتحہ

برائے مرحوم سید محمد سبطین و مرحومہ زاہدہ خاتون

ملنے کے پتے:

۱۔ حسین شاہد حسینی، شوکت اپارٹمنٹ، بی-بلاک، سکنڈ فلور، ڈونگری، ممبئی -۹۔ ہندوستان

۲۔ الایمان بک ڈپو، حضرت عباسؑ اسٹریٹ، (پالا گلی)، ممبئی- ۹

۳۔ دفتر اصلاح مسجد دیوان ناصر علی مرتضیٰ حسین روڈ یحییٰ گنج کراسنگ، لکھنؤ
۴۔ انتشارات انصاریان، خیابان صفائیہ، قم، ایران
۵۔ گلستان زہرا پبلیکیشنز، ۲۶، ایبٹ روڈ، لاہور، پاکستان۔

بغیر اجازت مؤلف اشاعت کی اجازت نہیں ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

انتساب

میں اپنی اس حقیر کاوش کو ثانی زہرا حضرت زینب کبریٰ سلام اللہ علیہا کے اس پر درد و کربناک لمحہ کی نذر کرتا ہوں جب وہ گیارہویں محرم کی ڈھلتی رات میں لاشوں کے درمیان جلے خیموں کے آس پاس چار روز کی بھوک پیاس میں نماز شب کے لئے کھڑی تھیں۔

آپ نے تاریکیٔ شب کی چادر اوڑھ کر، خاک کربلا پر تیمم کیا نقاہت نے قیام' ناتوانی نے رکوع کرایا، قنوت میں شہزادی کو بھائی اور ان کا یہ جملہ ''زینب مجھے نماز شب میں یاد رکھنا' بہت یاد آیا بہتے

آنسوؤں کے تشہد، ہچکیوں کے سلام' اور آہوں کی تسبیح پر نماز تمام کی۔

اے صاحب حمد و ثنا! مجھے بھی سحر خیزی اور دعا و مناجات کی لذت سے آشنا فرما' تو دعاؤں کا سننے والا ہے۔

دریوزہ گر در اہل بیت
سید حسین مہدی حسینی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

اظہارِ تشکر

اشرف المخلوقات کا اعزاز ہمیں صرف کلام و سخن کیوجہ سے نہیں ملا ہے' بلکہ اس معرفت و خدا شناسی کی وجہ سے عطا ہوا ہے جس نے فرشتوں کی پیشانیوں کو ابوالبشر حضرت آدمؑ کے سامنے جھکایا۔

اس اعزاز اشرفیت کا تقاضا ہے کہ انسان قدم قدم پر اپنی خدا شناسی کا اظہار کرتا رہے' جسکا واحد ذریعہ بندگی ہے' اور بندگی کی اعلی قسم

نماز ہے۔

یہی وجہ ہے کہ دوسری تمام عبادتوں میں نماز کو حیات آل محمدؐ میں بہت نمایاں حیثیت حاصل رہی۔ زندگی کی ہر راحت و زحمت، خوشی و غمی، سعادت و اِسارت میں ان حضراتؑ نے نمازوں کے ذریعہ شکر خدا ادا کیا اور مومنین کو بھی اسکی تعلیم و تلقین فرمائی۔

ایک عرصہ سے خواہش تھی کہ نماز کا ایک ایسا مجموعہ کوئی مرتب کر دے جو بارگاہ چہاردہ معصومین علیہم السلام میں تقرب کا ذریعہ اور جاء نماز کی زینت قرار پائے۔

جب حجۃ الاسلام مولانا سید حسین مہدی حسینی دام ظلہٗ سے گذارش کی تو انہوں نے اسکو قبول کر لیا اور نہایت جانفشانی و عرق ریزی سے اس **صحیفۂ نماز** کو مرتب کر کے مومنین کے لئے ایک نادر تحفہ فراہم کیا ہے۔ حضرات ائمہ طاہرینؑ سے ان کی مزید توفیقات کا خواہاں ہوں۔

میں اپنے والدین خصوصاً والد بزرگوار جناب الحاج سید علمدار حسین صاحب دام ظلہٗ کا شکر گزار ہوں کہ ان کی دینی آغوش اور دعاؤں نے مجھے شعور دینی بخشا۔

بارگاہ رب العزت میں التجا ہے کہ چہاردہ معصومین علیہم السلام قیامت

کے دن شفاعت و نجات کا ذریعہ قرار فرمائے۔ آمین۔

احقر الناس، سید غلام عباس زیدی

تقریظ

حضرت شمیم الملۃ الحاج مولانا سید شمیم الحسن صاحب رضوی دام ظلہ

عمید جامعہ جوادیہ-بنارس

الصلوۃ خیر موضوع، فمن شاء استقل، و من شاء استکثر"

نماز اعمال و عبادات میں بہترین موضوع اور ایجاد ہے جو چاہے زیادہ بجالائے یا کم بجالائے۔ چونکہ عبادات توقیفہ ہیں یعنی جتنی عبادت انبیاء معصومینؑ سے ماثور اور منقول ہے انہیں پر اکتفا کرنا ہے نہ تو کوئی نماز چھوٹی یا لمبی ایجاد کرکے ہم بدعت حسنہ کہہ کر قبول کرنے اور بجالانے کا حق رکھتے ہیں اور نہ منقول و ماثور کو بدعت سیۂ کہہ کر چھوڑ سکتے ہیں البتہ تکلیف بقدر طاقت بشر ہے لہٰذا ماثور نمازوں کو بیان بھی کر دیا گیا ہے اور انسان کو زیادہ سے زیادہ ان کے بجالانے یا کم سے کم پر اکتفا کرنے کا حق اور اختیار بھی دیا گیا ہے البتہ یہ بات واضح ہے کہ ہر ماثور نماز کے الگ الگ فائدے ہیں جو جتنا بجالائے گا اسی اعتبار سے فائدہ پہونچے گا لہٰذا محبان اہل بیتؑ اطہار

کو چاہیے کہ اگر تمام وہ نمازیں جو وارد ہوئی ہیں ان کو بجالانے کی سکت نہ ہو تو ہر ایک معصوم کے اتباع میں زندگی میں ایک بار یا چند بار ان کو بجالائے بالخصوص ائمہ اہل بیتؑ سے جو نمازیں منسوب ہیں انھیں بجالائے تاکہ ان معصومینؑ سے ربط و تعلق کا پتہ چلے اور ان سے محبت کی نشانی قرار پائے۔ دل تو چاہتا تھا کہ اس سلسلے میں کچھ مفصل لکھوں لیکن ملاقات کے لئے گرامی قدر مولانا سید حسین مہدی حسینی سلمہ اللہِ تعالیٰ کے یہاں کچھ دیر کے لئے آیا تو موصوف نے خواہش کی کہ ایک صفحہ اس سلسلے میں کچھ لکھدوں عجالۃً یہ چند سطریں لکھدی ہیں آخر میں مولانا موصوف کی اس خدمت کو دیگر علمی خدمات کی طرح گرامی اور پرارزِش قرار دیتے ہوئے دعاگو ہوں کہ خدا انھیں بیش از بیش اسی طرح علمی خدمت کے مواقع فراہم کرتا رہے اور باصحت وعافیت رکھے۔

احقر الزمن: سید شمیم الحسن، ۴؍ جولائی ۲۰۰۲ء

باسمہ تعالیٰ

ادیب کے قلم سے

نماز، نماز، نماز، بعض تن آسان و سہل انگاروں کے لئے تو یہ حج و زیارات سے زیادہ بھاری بھرکم و مشکل عمل ہے۔ جس کے لئے استطاعت و امکان و توفیق کا انتظار کرتے کرتے اکثریت کی زندگی اپنی آخری سرحد پر آجاتی ہے' تو کچھ اللہ کے بندے نماز کا اتنا احترام و عقیدت شعاری کرتے ہیں کہ مسجد کی طرف کوچ کرنے اور مصلّے کو مس کرنے کے خیال سے لرزتے ٹھٹھرنے لگتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ایسے اللہ والے بھی پائے جاتے ہیں' جو جمعہ جمعہ کے علاوہ مسجد کا رخ کرنا تو دور رہا' اس کا تصور بھی نہیں کرتے۔ ہفتہ وار نماز ان کا وظیفہ ہے۔ وہ بھی ایک نماز، دن بھر کی نہیں۔ اس دن مسجد نمازیوں سے کھچا کھچ بھری ملتی ہے۔ مگر عید گاہ میں اس سے بھی کئی گنا مجمع ہوتا ہے کیونکہ مسلمانوں کی اکثریت اللہ میاں کو کم سے کم زحمت دینے کی قائل ہے۔ یعنی بس سال میں ایک بار نہیں تو دو بار سہی۔ کیوں نہ ہو نماز خود پہاڑ ہے۔ اِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ خود اللہ نے فرمایا ہے۔ اس پر دوسرا پہاڑ وضو۔ اس پر ایک اور پہاڑی ہے۔ مقدمہ وضو یعنی طہارت خانہ میں جانا- ظاہر ہے کہ اتنی جھنجھٹ اور جی کا جنجال معدودے چند لوگ ہی پال سکتے ہیں۔ سو وہ بیچارے مؤذن کی آواز

سے پہلے بستر چھوڑ دیتے ہیں اور صبح کی نماز پڑھ کر دعاؤں وظائف۔ نماز مستحبی پڑھ پڑھ کر سورج کی کرنوں سے آنکھیں لڑاتے رہتے ہیں یہ وہ ناچار و بے بس ہیں جو بغیر نماز کے زندہ ہی نہیں رہ سکتے۔ نماز نہ پڑھنا ان کی کتاب زندگی میں مرقوم ہی نہیں ہے تو کیا کریں۔ کیسی بھی حالت ہو۔ کوئی محل ہو وہ نماز پڑھے بغیر دم نہ لیں گے۔ وہ جو خدائی فوجدار کی پھبتی ہے نا ان ہی کے لئے ہے۔ اور یہی اس کے صحیح مستحق و حقدار ہیں۔ ہماری کم علمی ہے کہ ہم نے یہ عظیم منصب نااہلوں کو دے رکھا ہے۔ حتی کہ ایسے ویسوں کو بھی ہم خدائی فوجدار کہہ بیٹھتے ہیں۔

ان سے پوچھو تو وہ تمہیں بتائیں گے کہ نماز جو تم پر بے حد گراں ہے۔ وہی ہمارے لئے نہایت لطیف و عزیز ہے اور اتنی خوش مزہ کہ اس کا بدل کوئی عمل، کوئی فکر نہیں ہو سکتی۔ نماز ہمارے لئے نماز ہے۔ مسجد الحرام میں ہو یا قید خانہ کی کال کوٹھری میں۔ نمازی کو دونوں جگہ کیف و سرور یکساں ملتا ہے۔ بلکہ قید تنہائی میں کچھ زیادہ ہی۔ وضو ممکن نہیں تو تیمم۔ ورنہ بے طہارت مگر نماز چھوٹنے نہ پائے۔ رفتار و سمت کی بھی قید نہیں نہ قبلہ نہ پورب نہ پچھم سوار ہو کہ پیدل، ہر حال میں نماز پڑھنا ہی ہے۔ لباس فاخرہ ہو کہ لنگوٹی-لباس نہ ہو تو بے لباس نماز پڑھی جائیگی۔ ہوش و حواس درست ہوں تو پھر کسی حال میں کسی کمی یا نقص کے باعث نماز قضا نہیں کی جائیگی۔ نماز کو سیکھو، سکھانے والے کے کلام کو اس وقت تک

دہراتے رہو جب تک مشق کامل نہ ہو جائے۔

ڈاکٹر کی تجویز کردہ دوا کے استعمال کے بھی چند شرائط و آداب ہیں۔ خوراک، وقت، پرہیز، احتیاط جیسے لوازم ہیں۔ البتہ مقویات و صحت افزا اشیاء کے لئے ایسی کوئی شرط نہیں بس اعتدال سے تجاوز نہ ہو۔ لیکن اسے بھی ہم قاعدے وضابطے کے اندر لا کر استعمال کریں تو ظاہر ہے کہ اس کی تاثیر و طاقت بڑھ جائیگی۔ واجب نمازیں دوا ہیں اور مستحب نمازیں مقویات و مفرّحات۔

نماز منزل نہیں ذریعہ ہے یاد خدا اور تقرب الٰہی کا۔ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکۡرِیۡ تو پھر نماز میں ماسوا اللہ ہی یاد آئے اور اللہ کی یاد ہی نہ ہو تو ظاہر ہے کہ یہ صورت نماز تو ہوگی مگر نماز نہیں۔ قرآن و احادیث میں بار بار پنجگانہ نماز کی یاد دہانی' اس کے وجوب کا اعلان، اس کی ادائیگی کی تاکید اسی ذکر و تقرب الٰہی کے احساس کو رگ و پے و ذہن و دماغ میں پیوست کرنے کی خاطر ہے۔ اس لئے جتنی جتنی نمازیں زیادہ ہوتی جاتی ہیں۔ نمازی کی درازیٔ عمر کے ساتھ خشوع و خضوع و خشیت و خوف الٰہی، تقرب کے درجات اور یاد الٰہی کی محویت میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ نماز پہلوی زبان کا لفظ ہے۔ جو فارسی سے دبے پاؤں چلتا ہوا اردو میں در آیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جنگ قادسیہ میں اسلام کا حریف فرقہ یا اہل فارس (پارسی، زرتشتی) اغیار کی عبادتوں کو نماز کہتے تھے۔ سو مسلمانوں کی صلوٰۃ بھی نماز کہلائی۔

فارسی کی نماز اردو میں بھی نماز ہی رہی اسی سے نمازی بنے۔ پھر واجب نمازیں اور مستحب نمازیں بھی بولی جانے لگیں۔ لیکن مسجد میں تبدیلی ہوئی نہ مصلّے میں مگر قرآن و حدیث میں نماز کو صلوٰۃ اور نمازی کو مصلّی ہی کہا گیا ہے صلوٰۃ یعنی دعا جو عبد و معبود، خالق و مخلوق، سائل و مسئول الیہ کے درمیان کا غیر مرئی روحانی رشتہ و ڈور ہے۔ اگر یہ نہیں تو اللہ سے بندہ کا کوئی رابطہ نہیں اور اسے بھی بندہ کی پروا نہیں۔ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ (فرقان-۷۷)

اب یہاں پر ایک سوال ہے کہ اگر ہم کسی بزرگ شخصیت سے کوئی درخواست یا عرض و معروض کرنا چاہیں تو دوبدو خود کر سکتے ہیں مگر سفارش وسیلہ کے ساتھ کچھ کہنا زیادہ مناسب ہے اگر حضور مشکل ہو یا ممکن نہ ہو تو تحریر کے وسیلہ سے اظہار مدعا کیا جاسکتا ہے۔ لیکن اگر اس کام کو نظم و ترتیب شائستگی و سلیقہ کے ساتھ کرنا ممکن ہو تو کون کہے گا کہ یہ اعلیٰ و ارفع طریقہ نہیں ہے۔ مثلاً ملاقات طے شدہ پروگرام کے تحت ہو۔ وقت و محل کی مناسبت ذہن میں رہے۔ بڑی سے بڑی ہستی کا سفارش نامہ ہاتھ میں ہو۔ نہا دھو کر زرق برق لباس میں حاضری دی جائے۔ انکساری و عاجزی کا مظاہرہ کیا جائے۔ میرا خیال ہے کہ اسے ہر شخص بہتر کہے گا اور یہ بھی ہو گا کہ اگر کسی شعبہ میں کچھ کمی رہ گئی ہو تو اسے دوسرے اسباب سے پورا کر لیا جائے گا۔ بس نماز و دعا کی مثال بھی ایسی ہی ہے۔ دعا ہر وقت ہر

جگہ کی جا سکتی ہے۔ اس کے لئے کوئی شرط نہیں لیکن اگر یہی دعا کچھ آداب و شرائط کے لباس میں آجائے تو وہی نماز مستحب بن جاتی ہے۔

روزانہ سترہ رکعت نماز تو وہ ہے جسے عمود دین و معراج مومن کہا گیا ہے۔ جو ایمان کی علامت ہے اور اس کا منکر کافر-تارک، فاسق ہے۔ جملہ اعمال حسنہ کی قبولیت اس کی قبولیت پر منحصر ہے۔ اس کے بعد چونتیس رکعت نوافل کی ہیں۔ جو نماز پنجگانہ کے نقائص وخامیوں کے لئے پیوند کا کام کرتی ہیں اور یہ انعام قدرت ہے اپنے بندوں کے لئے۔ ظاہر ہے کہ اس کے بعد اگر صرف طویل یا مختصر ادعیہ کا ورد کیا جائے تو اس کی تاثیر و افادیت میں کوئی کلام نہیں لیکن اگر انہیں دعاؤں کو نماز کے پیکر میں ڈھال کر اسے آراستہ پیراستہ کر لیا جائے تو ظاہر ہے کہ اس کے ثواب و اثرات میں بھی کئی گنا اضافہ ہو جائیگا۔ میری فکر کے مطابق سنت و مستحب نمازوں کا یہی فلسفہ ہے۔ مستحب نمازوں کی سرتاج نماز غفیلہ کو لے لیجئے۔ دونوں رکعتوں میں قرآنی آیات ہیں جس میں تفضّل الٰہی اور اس کی قدرت و جبروت کا بیان ہے۔ قنوت کی دعا ہر وقت پڑھی جا سکتی ہے مگر دوسری رکعت کے رکوع کے پہلے پڑھنے سے نماز غفیلہ مکمل ہو جاتی ہے اور پڑھنے والا ایسی تاثیرات کا حامل ہو جاتا ہے جو کسی دوسرے ذریعہ سے ممکن نہیں۔ نماز فاطمہ زہراؑ، نماز جعفر طیارؑ، رسول اکرمؐ اور ائمہ طاہرینؑ سے منسوب نمازیں ہوں کہ نماز ہدیہ والدین، سب

کی یہی کیفیت و حالت ہے۔ جس طرح بندۂ مومن کا کوئی لمحہ یادِ خدا سے خالی نہیں ہوتا۔ اسی حساب سے مستحب نمازوں کی تعداد بھی اتنی زیادہ ہے کہ اس کا احصاء مشکل ہے۔ کتاب زیر نظر میں اسے مختلف امہات الکتب۔ مثلاً اقبال، مصباح کفعمی مصباح المتہجد وغیرہ سے جمع کیا گیا ہے۔ پھر بھی یہ کامل و مکمل فہرست نہیں ہے۔ اس میں سب نمازیں پڑھی جائیں یا کم۔ ایک بار یا دوبار (تکرار و تجدید کی نیت سے) اس کی کوئی قید نہیں ہے۔ بس توجہ الی اللہ یعنی مولائے حقیقی سے دل کو لگانے کی شرط ہے۔

ایک لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو مستحب نمازوں کی حیثیت، واجب نمازوں سے کم نہیں بلکہ کچھ برتر ہے۔ بلکہ اس کی حیثیت وہ ہے جو بیمار کے لئے دوا و علاج کی ہوتی ہے ابتدائے کلام میں اس طرف اشارہ کیا جا چکا ہے۔ تفصیل یہ ہے کہ امام زین العابدین علی بن الحسینؑ کی درسگاہ میں اقبال قلب و توجہ الی اللہ کی گفتگو ہو رہی ہے امامؑ نے فرمایا کہ عزیز و! خیال رہے کہ نماز یومیہ کا وہی حصّہ درگاہ رب العزّت میں قبولیت پاتا ہے جس میں اللہ کی طرف توجہ رہے اور وہ اجزا' جس میں خیال ادھر ادھر بھٹک گیا ہو' رد کر دیئے جاتے ہیں۔ یہ سننا تھا کہ اصحاب امام نے فریاد بلند کی اور کہا فرزند رسولؐ! اس حساب سے تو ہم سب کی نمازیں لوٹا دی جائیں گی ۔ حضرت نے مسکرا کر فرمایا کہ نہیں۔ خدا ارحم الراحمین ہے۔ اس

نے نوافل اور مستحبی نمازوں کو اس کا مداوا قرار دیا ہے یہ نمازیں واجب نمازوں کی خامیوں کو پورا کر کے اسے مکمل و قابل قبول بنا دیتی ہیں۔ دوسرے لفظوں میں یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ نوافل و مستحبی نمازیں جس قدر بڑھتی جائیں گی نماز یومیہ کی قبولیت کی ضمانت بیشتر و قوی تر ہوتی جائیگی۔ قرآن مجید میں کئی جگہ "وَ اذْکُرُوا اللّٰہَ کثیراً" یا اس کے ہم معنی آیات ملتی ہیں۔ اس کا بہترین مفاد و مفہوم یہی ہے کہ زاید سے زاید مستحبی نمازیں پڑھی جائیں۔ جسکا طریقہ ہمارے پیغمبرؐ و ائمہؑ نے عمل کر کے بتایا ہے جس کا اسناد ہر شبہ سے بالاتر ہے۔ اس کے فوائد و برکات کے تعلق سے علماء متقدمین و متاخرین نے کتابیں لکھی ہیں۔ جس میں شہید اوّلؒ کی "نفلیہ" کافی مشہور ہے۔ مجلسیؒ اوّل کی کتاب زاد المعاد اسی موضوع پر ہے۔ شیخ عباس قمیؒ کی "مفاتیح الجنان" اور کئی کتابوں میں مستحبی نمازوں کا ذکر ہے۔ شکر ہے کہ اس زمانۂ خدا ناشناسی میں اس موضوع پر ایک جامع کتاب حجۃ الاسلام و المسلمین آقای حسین مہدی صاحب حسینی سلمہ اللہ تعالیٰ مرتب کر کے مرکز تحقیقات الحیاۃ سے شایع کر رہے ہیں جو مومنین صالحین کے لئے اردو زبان میں پہلا و نادر تحفہ ہے۔ ابتک کسی ایک کتاب میں اتنی ساری مستحبی نمازیں اکٹھا نہیں کی گئی تھیں۔ امید ہے کہ اس کی خاطر خواہ پذیرائی ہوگی تا کہ دوسری جلد بھی شایع ہو سکے۔ میں مؤلف علّام کو دعائے صحت و سلامتی و توفیق دیتا ہوں

اور دعا کا طالب ہوں۔ چونکہ یہ میرا موضوع نہیں ہے اس لئے کوئی تحقیقی و سیر حاصل بحث نہیں کر سکتا۔ معذرت خواہ ہوں۔

سید حسن عباس فطرتؔ

پونے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قربۃ الی اللہ

قربت خدا کے متمنی افراد نماز و روزہ جیسے اعمال بندگی (تعبدی) کو شروع کرتے وقت "قربۃً الی اللہ" کہتے ہیں مگر "قرب الٰہی" کے قطعاً یہ معنی نہیں ہیں کہ بندہ خدا سے اسی طرح قریب ہو جاتا ہے جس طرح رعایا اپنے حاکم کے روبرو ہوتی ہے کیونکہ جسم و جسمانیات سے منزہ و مبرّا خدا کے لئے اس طرح کا تصورِ تقرب ممکن نہیں۔

اگرچہ ہر مسلمان کے عبادات و مناسک کی نیت میں قربۃً الی اللہ شامل ہے لیکن چونکہ ہر شخص کا تصوّر توحید یکساں نہیں ہوتا لہٰذا قربۃً الی اللہ کا مفہوم بھی افراد کے اعتبار سے بدلتا رہتا ہے۔

مثلاً جب ایک عام مسلمان قربۃً الی اللہ کہتا ہے تو خدا کے انعام و اکرام تک اس کی رسائی ہوتی ہے لیکن جب خاصان خدا قربۃً الی اللہ کہتے ہیں تو خود کو وہاں پاتے ہیں جہاں ملائکہ مقرب پرَ نہیں مار سکتے، اس قرب کی لذت کا تذکرہ تو روایات میں نہیں ملتا لیکن دوری کے درد و کرب کی جھلکیاں ضرور دعاؤں اور مناجاتوں میں ملتی ہیں۔

خدایا تیرے عذاب پر صبر کرلونگا لیکن تیری جدائی پر کیونکر صبر کرونگا۔

مذہبی بول چال میں جو چیزیں انسان کو خدا سے قریب کرتی ہیں اس کو قربان کہتے ہیں۔ نماز "قربان" کی نمایاں فرد ہے۔ اگر یہ قبول ہوگئی تو دوسرے اعمال اپنی خامی و کمی کے باوجود قبول کرلئے جائیں گے۔ نماز پرہیز گاروں کی شناخت ہے الصلوۃ قربان کل تقی نماز انسان کے درون میں خاکساری و تواضع لاتی ہے انھا لکبیرۃ الاعلی الخاشعین۔

انسان جب تک نماز میں ہوتا ہے مختصر وقفہ کیلئے سہی، کھانے پینے قہقہے جیسے ممنوعات و محرمات سے اجتناب کرکے اس خدا کے صفات کا مظہر بن جاتا ہے جو نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے نہ ہنستا ہے۔

نماز مومن کو معراج عطا کرتی ہے یعنی جسطرح شب معراج پیغمبر اکرمؐ کا رشتہ،مادی دنیا اور اس کی لذتوں سے منقطع ہو گیا تھا مومن کی نماز میں بھی وہی کیفیت ہوتی ہے نہ اسے لذت خواب سحر لوریاں دے کر سلا سکتی ہیں، نہ تیروں کے مینھ سکون سجدہ کو برہمکر سکتے ہیں۔

نماز ایک ایسی جامع عبادت ہے جس کی انجام دہی کا شرف ملائکہ معصومین کو بھی نہ مل سکا حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام فرماتے ہیں،

اللہ نے آسمان اعلیٰ کو پیدا کرنے کے بعد اسے عبادت گذار ملائکہ سے بھر دیا چنانچہ ہر فرشتہ روز آفرینش سے ایک ہی حالت پر باقی ہے کچھ سجدہ میں ہے تو کچھ رکوع میں، کچھ محو تسبیح و تہلیل ہے تو کچھ حالت قیام میں۔" نہج البلاغہ ظاہر ہے جو فرشتہ حالت قیام میں ہے وہ سجدہ و رکوع کے فیض سے محروم ہے اور جو ذکر تسبیح میں مشغول ہے وہ لذت تہلیل و تحمید سے نا آشنا ہے۔ یہ شرف تو صرف فرزندان آدمؑ کو ملا ہے۔ کہ اسے ایسی نماز عطا کی گئی ہے۔ جس کے ارکان و اجزاء میں حمد، تسبیح، تہلیل، قیام، رکوع اور سجدے سب شامل ہیں۔

نماز کی تاریخ بہت پرانی ہے حضرت آدمؑ یہ تحفہ اپنے ہمراہ لیکر

آئے تھے مزید یہ کہ سارے عمل کا رشتہ مرنے کے بعد ٹوٹ جاتا ہے لیکن نماز وہ اکسیر عظیم ہے کہ خاکدان عالم سے کوچ کرنے کے بعد بھی اس کا رشتہ مومن سے باقی رہتا ہے۔ اس کے بہت سے شواہد ہیں شب معراج حضرت ختمی مرتبتؐ کی اقتداء میں انبیائے کرامؑ کا نماز ادا کرنا زندہ و بین ثبوت ہے۔

نماز ہر درد کی دوا، اور ہر کرب کا درماں ہے، یہ زندگی کی کڑی سے کڑی منزل اور سخت سے سخت گھڑی میں حوصلہ زیست کی لو کو مدھم ہونے نہیں دیتی۔

فضیلت نماز کی روایات نماز کی عظمت کو دل نشیں کرانے میں بہت موثر کردار ادا کرتی ہے۔ اے کاش مشاق قلم اور عمیق نظر والے دیندار اشخاص اس خدمت کے لئے اٹھ کھڑے ہوں اور اگر یہ کام مکمل ہوجائے تو قلم و قرطاس ہمیشہ انھیں ان کی خدمت پر خراج تحسین پیش کرتا رہے گا۔

چند ماہ قبل محترم جناب ڈاکٹر سید غلام عباس زیدی صاحب نے ایک ایسی کتاب مرتب کرنے کی فرمائش کی جس میں ساری واجب و مستحب نمازیں یکجا ہوجائیں میں نے اس کام کو منفرد سمجھتے ہوئے حامی بھرلی کیونکہ اس وقت تک میرے علم میں اس موضوع پر کوئی

ایسی کتاب نہیں تھی بعد میں پتہ چلا کہ اس طرح کا مختصر مجموعہ پاکستان سے شائع ہوا ہے۔ لیکن ابھی تک وہ دستیاب نہ ہو سکا اگر مل جاتا تو اس سے رہنمائی حاصل کرتا۔

ابتداء میں اس کام کو بہت آسان سمجھ رہا تھا لیکن مواد کی فراہمی کے وقت اپنے کو دریائے ناپیدا کنار میں پایا، ایک اندازہ کے مطابق ابھی بھی دو ہزار سے زائد نمازیں ایسی ہیں جس سے عوام یکسر محروم ہیں درانحالیکہ کشمکش حیات میں ان نمازوں کی شدید ضرورت ہے۔

آخر میں عزیزان گرامی مولانا میر محمد مقبول اور مولانا سید زاہد ین تقوی حوزہ علمیہ جامع امیر المومنین نجفی ہاؤس کا شکر گذار ہوں کہ انہوں نے پروف کی تصحیح میں اپنا قیمتی وقت صرف کیا' پھر بھی ہر طرح کی خامی و کمی کے لئے ارباب نظر سے معذرت خواہ ہوں۔

خادم العلم

سید حسین مہدی حسینی

مرکز تحقیقات-الحیاۃ، ممبئی

فہرست باب

شب جمعہ و جمعہ میں پڑھی جانیوالی نمازیں	۱۹
روز مرّہ کی اہم نمازیں	۱۱۰
نماز ایام ہفتہ	۲۰۴
فضائل نوروز	۲۳۰
استخارہ	۲۳۳
شب و روز کی نمازیں	۲۵۴
ہر ماہ میں پڑھی جانے والی نمازیں	۲۶۸
(۱) ماہ محرم کی نمازیں	۲۶۹
(۲) ماہ صفر کی نمازیں	۳۱۰
(۳) ماہ ربیع الاول کی نمازیں	۳۱۷
(۴) ماہ جمادی الثانی کی نماز	۳۵۰
(۵) ماہ رجب کی نمازیں	۳۵۲
(۶) ماہ شعبان کی نمازیں	۴۱۸

(۷) ماہ رمضان کی نمازیں	۴۳۳
پورے ماہ مبارک کی نماز	۴۵۴
(۸) ماہ شوال کی نمازیں	۴۶۷
(۹) ماہ ذیقعدہ کی نمازیں	۴۸۷
(۱۰) ماہ ذی الحجہ کی نمازیں	۴۹۴
عتبات عالیات پر پڑھی جانے والی نمازیں	۵۳۳
حجاز میں پڑھی جانے والی نمازیں	۵۵۷
کوفہ میں پڑھی جانے والی نمازیں	۶۱۸
کربلا میں پڑھی جانے والی نمازیں	۶۸۵
ایران میں پڑھی جانے والی نمازیں	۷۶۵
واجب نمازیں اور اسکے نوافل	۷۵۳
ضروری باتیں	۷۹۷

Contents فہرست

انتساب ۲

اظہارِ تشکر ۳

تقریظ ۵

ادیب کے قلم سے ۷

قربۃ الی اللہِ ۱۴

فہرست باب ۱۹

فہرست ۲۱

پہلا باب ۵۵

شب جمعہ و جمعہ میں پڑھی جانیوالی نمازیں ۵۵

۱۔ نماز شکر ۵۹

۲۔ نماز ادائیگی قرض ۶۰

۳۔ نماز ادائیگی قرض ۶۰

۴۔ نماز حصول مال وعزّت ۶۲

۵۔ نماز حاجت ۶۳

۶۔ نماز حاجت ۶۳

۷۔ نماز حاجت ۶۶

۸۔ نماز بے مثال ۶۷

۹۔ نماز وسعت رزق ۶۸

۱۰۔ نماز وسعت رزق ۶۹

۱۱۔ نماز اعرابی ۷۱

۲۵۔۱۲۔ نماز ہدیہ ائمہ طاہرین ۷۴

۲۶۔ نماز حضرت رسول اللہِ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ۷۵

۲۷۔ نماز حضرت علی علیہ السلام ۷۷

۲۸۔ نماز فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا۔ الف ۸۳

۲۹۔ نماز فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا۔ ب ۸۵

۳۰۔ نماز حضرت امام حسن علیہ السلام ۸۸
۳۱۔ نماز امام حسین علیہ السلام ۸۹
۳۲۔ نماز امام زین العابدین علیہ السلام ۹۰
۳۳۔ نماز امام محمد باقر علیہ السلام ۹۱
۳۴۔ نماز امام جعفر صادق علیہ السلام ۹۳
۳۵۔ نماز حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ۹۴
۳۶۔ نماز امام رضا علیہ السلام ۹۶
۳۷۔ نماز امام محمد تقی علیہ السلام ۹۷
۳۸۔ نماز حضرت امام علی نقی علیہ السلام ۹۸
۳۹۔ نماز حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام ۹۹
۴۰۔ نماز امام زمان علیہ السلام ۱۰۲
۴۱۔ نماز مسجد جمکران ۱۰۴
۴۲۔ نماز وقت حاجت ۱۰۵

۴۳۔ نماز جعفر طیار علیہ السلام ۱۰۸
۴۴۔ نماز سلامتی ۱۱۴
۴۵۔ نماز مغفرت ۱۱۶
۴۶۔ نماز مغفرت ۱۱۶
۴۷۔ نماز دعائے ندبہ ۱۱۷
۴۸۔ نماز اول صبح ۱۳۶
۴۹۔ نماز چاشت ۱۳۶
۵۰۔ نماز قریب زوال ۱۳۷
۵۱۔ نماز قبل فریضہ ۱۳۷
۵۲۔ نماز کاملہ ۱۳۷
۵۳۔ نماز حارث ہمدانیؓ ۱۳۸
۵۴۔ نماز شب جمعہ ۱۳۹
۵۵۔ نماز زیارت پنجتن علیہم السلام ۱۳۹

دوسرا باب..... ۱۴۱

مختلف موقوں پر پڑھی جانے والے اہم نمازیں ۱۴۴

۵۶۔ شادی سے پہلے کی نماز ۱۴۱

۵۷۔ شادی کے بعد کی نماز ۱۴۳

۵۸۔ شادی کے بعد کی نماز ۱۴۴

۵۹۔ نماز حاملہ ۱۴۵

۶۰۔ نماز برائے فرزند ۱۴۶

۶۱۔ نماز برائے فرزند ۱۴۷

۶۲۔ نماز برائے اولاد ۱۴۹

۶۳۔ نماز برائے بچۂ بیمار ۱۵۱

۶۴۔ نماز بچۂ بیمار ۱۵۲

۶۵۔ نماز رہائی زندان ۱۵۲

۶۶۔ نماز امان از دشمن ۱۵۴

۶۷۔ نماز امان از ظالم ۱۵۶
۶۸۔ نماز خوف ظالم ۱۵۷
۶۹۔ حاکم کے ظلم سے بچنے کی نماز ۱۵۸
۷۰۔ نماز حاجت ۱۶۰
۷۱۔ نماز حاجت ۱۶۰
۷۲۔ نماز حاجت ۱۶۴
۷۳۔ نماز حاجت ۱۶۴
۷۴۔ نماز حاجت ۱۶۷
۷۵۔ نماز حاجت ۱۷۰
۷۶۔ نماز حاجت ۱۷۱
۷۷۔ نماز حاجت ۱۷۲
۷۸۔ نماز حاجت ۱۷۳
۷۹۔ نماز حاجت ۱۷۳

۸۰۔ نماز جانب قبر ۱۷۵
۸۱۔ نماز شب دفن ۱۷۷
۸۲۔ نماز شب دفن ۱۷۸
۸۳۔ نماز ہدیہ والدین ۱۷۹
۸۴۔ نماز ہدیہ والدین ۱۸۰
۸۵۔ نماز ہدیہ والدین ۱۸۱
۸۶۔ نماز ہدیہ والدین ۱۸۱
۸۷۔ بھوکے کی نماز ۱۸۲
۸۸۔ نماز وسوسہ ۱۸۳
۸۹۔ نماز ادائیگی قرض ۱۸۳
۹۰۔ نماز ادائیگی قرض ۱۸۶
۹۱۔ وقتِ مصیبت کی نماز ۱۸۸
۹۲۔ وقت مشکل کی نماز ۱۹۰

۹۳۔ نماز وسعت رزق ۱۹۱
۹۴۔ نماز وسعت رزق ۱۹۲
۹۵۔ نماز وسعت رزق ۱۹۳
۹۶۔ نماز رزق ۱۹۵
۹۷۔ نماز دو کان ۱۹۵
۹۸۔ نماز استغاثہ ربّ العزّت ۱۹۶
۹۹۔ نماز استغاثہ حضرت زہراؑ ۱۹۸
۱۰۰۔ نماز استغاثہ زہراؑ ۱۹۹
۱۰۱۔ نماز استغاثہ امام صادقؑ ۲۰۱
۱۰۲۔ نماز استغاثہ حضرت امام زمانؑ ۲۰۲
۱۰۳۔ نماز شدت حافظہ ۲۰۶
۱۰۴۔ نماز وصیت ۲۰۷
۱۰۵۔ نماز عفو ۲۰۹

۱۰۶۔ نماز استغفار ۲۱۰

نماز ایام ہفتہ ۲۱۱

۱۰۷۔ نماز شنبہ ۲۱۱

۱۰۸۔ نماز یکشنبہ ۲۱۲

۱۰۹۔ نماز دوشنبہ ۲۱۲

۱۱۰۔ نماز سہ شنبہ ۲۱۳

۱۱۱۔ نماز چہار شنبہ ۲۱۳

۱۱۲۔ نماز پنجشنبہ ۲۱۴

۱۱۳۔ نماز جمعہ ۲۱۴

۱۱۴۔ نماز مضطر ۲۱۵

۱۱۵۔ نماز مضطر ۲۱۸

۱۱۶۔ نماز ابو حمزہؒ ۲۲۳

۱۱۷۔ نماز دفع درد ۲۲۴

۱۱۸۔ چاندرات کی نماز ۲۲۵
۱۱۹۔ نماز اوّل ماہ ۲۲۵
۱۲۰۔ نماز اوّل ماہ ۲۲۷

فضائل نوروز ۲۲۸

۱۲۱۔ نماز نوروز ۲۲۹

استخارہ: ۲۳۱

شرائط استخارہ ۲۳۲
۱۲۲۔ نماز استخارہ ذات الرقاع ۲۳۳
۱۲۳۔ نماز استخارہ تعلیم کردہ رسول خداؐ ۲۳۵
۱۲۴۔ نماز استخارہ تعلیم کردہ حضرت علیؑ ۲۳۶
۱۲۵۔ نماز استخارہ تعلیم کردہ امام زین العابدینؑ ۲۳۷
۱۲۶۔ نماز استخارہ تعلیم کردہ امام صادقؑ ۲۳۸

۱۲۷۔ نماز استخارہ تعلیم کردہ امام صادقؑ ۲۳۸
۱۲۸۔ نماز استخارہ تعلیم کردہ امام صادقؑ ۲۳۹
۱۲۹۔ نماز استخارہ تعلیم کردہ امام رضاؑ ۲۳۹
۱۳۰۔ نماز استخارہ تعلیم کردہ امام رضاؑ ۲۴۰
۱۳۱۔ نماز استخارہ تعلیم کردہ طبرسی ۲۴۱
۱۳۲۔ نماز وقت سفر ۲۴۱
۱۳۳۔ نماز وقت سفر ۲۴۳
۱۳۴۔ سواری سے اترنے کے بعد کی نماز ۲۴۴
۱۳۵۔ نماز توبہ ۲۴۵
۱۳۶۔ نماز طلب باراں ۲۴۶
۱۳۷۔ نماز اوابین ۲۴۶
۱۳۸۔ نماز فوت ۲۴۸
۱۳۹۔ نماز غم زدہ ۲۴۹

۱۴۰۔ نماز غم زدہ ۲۵۱
۱۴۱۔ نماز غم زدہ ۲۵۲
۱۴۲۔ نماز وقت خوف ۲۵۳
۱۴۳۔ نماز تجار ۲۵۳
۱۴۴۔ نماز بیدار ۲۵۵
۱۴۵۔ نماز زن حاجت مند ۲۵۵
۱۴۶۔ نماز دفع بلا ۲۵۶
۱۴۷۔ نماز مظلوم ۲۵۷
۱۴۸۔ نماز مظلوم ۲۵۸
۱۴۹۔ نماز مظلوم ۲۵۹
۱۵۰۔ نماز مظلوم ۲۶۰
۱۵۱۔ نماز قبل زوال ۲۶۱
۱۵۲۔ نماز قبل زوال ۲۶۱

۱۵۳۔ شب شنبہ ۲۶۲
۱۵۴۔ نماز شب شنبہ ۲۶۲
۱۵۵۔ شب شنبہ ۲۶۳
۱۵۶۔ شب شنبہ ۲۶۴
۱۵۷۔ شب شنبہ ۲۶۴
۱۵۸۔ شب شنبہ ۲۶۵
۱۵۹۔ شب شنبہ ۲۶۵
۱۶۰۔ نماز یوم شنبہ ۲۶۶
۱۶۱۔ نماز شب یکشنبہ ۲۶۶
۱۶۲۔ نماز شب یکشنبہ ۲۶۷
۱۶۳۔ نماز شب یکشنبہ ۲۶۸
۱۶۴۔ نماز شب یکشنبہ ۲۶۸

۱۶۵۔ نماز شب یکشنبہ ۲۶۹
۱۶۶۔ نماز یوم یکشنبہ ۲۶۹
۱۶۷۔ نماز یوم یکشنبہ ۲۷۰
۱۶۸۔ نماز یوم یکشنبہ ۲۷۰
۱۶۹۔ نماز شب دوشنبہ ۲۷۲
۱۷۰۔ نماز شب دوشنبہ ۲۷۳
۱۷۱۔ نماز شب دوشنبہ ۲۷۳
۱۷۲۔ نماز شب دوشنبہ ۲۷۴
۱۷۳۔ نماز شب دوشنبہ ۲۷۵
۱۷۴۔ نماز شب دوشنبہ ۲۷۵
۱۷۵۔ نماز روز دوشنبہ ۲۷۶
۱۷۶۔ نماز روز دوشنبہ ۲۷۷
۱۷۷۔ نماز روز دوشنبہ ۲۷۸

۱۷۸۔ نمازروزدوشنبہ ۲۷۸
۱۷۹۔ نمازروزدوشنبہ ۲۷۹
۱۸۰۔ نمازروزدوشنبہ ۲۸۰
۱۸۱۔ نمازروزدوشنبہ ۲۸۰
۱۸۲۔ نمازروزدوشنبہ ۲۸۱
۱۸۳۔ نمازشب سہ شنبہ ۲۸۳
۱۸۴۔ نمازشب سہ شنبہ ۲۸۳
۱۸۵۔ نمازشب سہ شنبہ ۲۸۴
۱۸۶۔ نمازروز سہ شنبہ ۲۸۵
۱۸۷۔ نمازروز سہ شنبہ ۲۸۷
۱۸۸۔ نمازروز سہ شنبہ ۲۸۸
۱۸۹۔ نمازروز سہ شنبہ ۲۸۸
۱۹۰۔ نمازشب چہار شنبہ ۲۸۸

۱۹۱۔ نماز شب چہار شنبہ ۲۸۹
۱۹۲۔ نماز شب چہار شنبہ ۲۹۰
۱۹۳۔ نماز شب چہار شنبہ ۲۹۰
۱۹۴۔ نماز روز چہار شنبہ ۲۹۱
۱۹۵۔ نماز روز چہار شنبہ ۲۹۲
۱۹۶۔ مازروز چہار شنبہ ۲۹۳
۱۹۷۔ نماز شب پنجشنبہ ۲۹۳
۱۹۸۔ نماز شب پنجشنبہ ۲۹۴
۱۹۹۔ نماز شب پنجشنبہ ۲۹۴
۲۰۰۔ نماز روز پنجشنبہ ۲۹۵
۲۰۱۔ نماز روز پنجشنبہ ۲۹۶
۲۰۲۔ نماز روز پنجشنبہ ۲۹۷
۲۰۳۔ نماز روز پنجشنبہ ۳۰۰

تیسرا باب..... ۳۰۱

ہر ماہ میں پڑھی جانے والی نمازیں ۳۰۱

(۱)ماہ محرم کی نمازیں ۳۰۱

۲۰۴۔ نماز شب اوّل ۳۰۴

۲۰۵۔ نماز شب اوّل..... ۳۰۴

۲۰۶۔ نماز شب اوّل ۳۰۵

۲۰۷۔ نماز یکم محرم ۳۰۵

۲۰۸۔ نماز شب عاشور ۳۰۸

۲۰۹۔ نماز شب عاشور..... ۳۰۸

۲۱۰۔ نماز شب عاشور ۳۰۹

۲۱۱۔ نماز زیارت روز عاشورا..... ۳۱۰

فضائل عمل عاشور۔ ۳۲۸

۲۱۲۔ نماز زیارت عاشورا غیر معروفہ ۳۳۱

(۲)ماہ صفر کی نمازیں ۳۴۳

۲۱۳۔ نماز تیسری صفر ۳۴۳

۲۱۴۔ نماز زیارت چہلم امام حسینؑ (زیارت اربعین) ۳۴۴

(۳)ماہ ربیع الاول کی نمازیں ۳۴۹

۲۱۵۔ بارہ ربیع الاول کی نماز ۳۵۰

۲۱۶۔ سترہ ربیع الاول کی نماز ۳۵۱

۲۱۷۔ نماز زیارت حضرت علیؑ روز مولود ۳۵۱

۲۱۸۔ نماز زیارت رسول اکرمؐ ۳۶۴

(۴) ماہ جمادی الثانی کی نماز ۳۸۲

۲۱۹۔ نماز جمادی الثانی ۳۸۲

(۵) ماہ رجب کی نمازیں ۳۸۴

فضائل ماہ رجب ۳۸۴

۲۲۰۔ عذابِ قبر سے امان کی نماز ۳۸۸

۲۲۱۔ نماز بخشش گناہ ۳۸۸
۲۲۲۔ نماز بخشش گناہ ۳۸۹
۲۲۳۔ نماز شب اول ۳۹۰
۲۲۴۔ نماز سلمان فارسیؓ ۳۹۰
۲۲۵۔ نماز سلمان فارسیؓ ۳۹۲
۲۲۶۔ نماز ماہ رجب ۳۹۲
۲۲۷۔ نماز ماہ رجب ۳۹۳
۲۲۸۔ نماز شبہائے رجب ۳۹۴
۲۲۹۔ نماز بہشتی ۳۹۵
۲۳۰۔ نماز لیلۃ الرغائب ۳۹۶
۲۳۱۔ تیرھویں شب کی نماز ۳۹۹
۲۳۲۔ چودھویں شب کی نماز ۳۹۹
۲۳۳۔ نماز شب نیمہ رَجب ۴۰۰

۲۳۴۔ نماز شب نیمۂ رَجب ۴۰۰
۲۳۵۔ نماز نیمۂ رَجب ۴۰۱
۲۳۶۔ نماز زیارت امام حسینؑ (ماہ رجب) ۴۰۳
۲۳۷۔ نماز زیارت امام حسینؑ (نصف رجب) ۴۱۱
۲۳۸۔ نماز شب مبعث ۴۱۵
۲۳۹۔ نماز زیارت امیر المؤمنینؑ (شب مبعث) ۴۱۶
۲۴۰۔ نماز روز مبعث ۴۳۱
۲۴۱۔ نماز روز مبعث ۴۳۲
عمل ام داؤد ۴۳۴
(۶) ماہ شعبان کی نمازیں ۴۵۱
۲۴۲۔ جمعرات کی نماز ۴۵۳
۲۴۳۔ نماز شب اوّل ۴۵۴
۲۴۴۔ نماز شب نیمۂ شعبان ۴۵۴

۲۴۵۔ نماز شبِ نیمۂ شعبان ۴۵۹
۲۴۶۔ نماز شب نیمۂ شعبان ۴۶۱
۲۴۷۔ نماز شب نیمہ شعبان ۴۶۱
۲۴۸۔ نماز زیارت امام حسینؑ (پندرہ شعبان) ۴۶۴
(۷) ماہ رمضان کی نمازیں ۴۶۶
فضائل ماہ رمضان المبارک ۴۶۶
روزوں کے فضائل ۴۶۸
۲۴۹۔ ہر شب کی نماز ۴۷۰
۲۵۰تا۲۵۴۔ ہزار رکعت نمازیں ۴۷۱
۲۵۵۔ چاند رات کی نماز ۴۷۲
۲۵۶۔ نماز روز اوّل ۴۷۳
۲۵۷۔ تیرھویں رات کی نماز ۴۷۳
۲۵۸۔ پندرہویں رات کی نماز ۴۷۴

۲۵۹۔ پندرہویں رات کی نماز ۴۷۴
فضائل شب قدر ۴۷۵
۲۶۰۔ نماز شب قدر ۴۷۸
۲۶۱۔ نماز زیارت امام حسینؑ شب قدر ۴۸۰
زیارت شہدائے کربلا علیہم السلام۔ ۴۸۳
۲۶۲۔ نماز آخر ماہ مبارک ۴۸۵
پورے ماہ مبارک کی نماز ۴۸۶
۲۶۳۔ پہلی شب کی نماز ۴۸۶
۲۶۴۔ دوسری شبکی نماز ۴۸۷
۲۶۵۔ تیسری شب کی نماز ۴۸۷
۲۶۶۔ چوتھی شب کی نماز ۴۸۸
۲۶۷۔ پانچویں شب کی نماز ۴۸۸
۲۶۸۔ چھٹی شب کی نماز ۴۸۹

۲۶۹۔ساتویں شب کی نماز ۴۸۹
۲۷۰۔آٹھویں شب کی نماز ۴۸۹
۲۷۱۔نویں شب کی نماز ۴۹۰
۲۷۲۔دسویں شب کی نماز ۴۹۱
۲۷۳۔گیارہویں شب کی نماز ۴۹۱
۲۷۴۔بارہویں شب کی نماز ۴۹۲
۲۷۵۔تیرہویں شب کی نماز ۴۹۲
۲۷۶۔چودھویں شب کی نماز ۴۹۳
۲۷۷۔پندرہویں شب کی نماز ۴۹۳
۲۷۸۔سولہویں شب کی نماز ۴۹۳
۲۷۹۔سترہویں شب کی نماز ۴۹۴
۲۸۰۔اٹھارہویں شب کی نماز ۴۹۵
۲۸۱۔انیسویں شب کی نماز ۴۹۵

۲۸۲۔ بیسویں تا چوبیسویں شبوں کی نمازیں ۴۹۶
۲۸۳۔ پچیسویں شب کی نماز ۴۹۶
۲۸۴۔ چھبیسویں شب کی نماز ۴۹۷
۲۸۵۔ ستائیسویں شب کی نماز ۴۹۷
۲۸۶۔ اٹھائیسویں شب کی نماز ۴۹۸
۲۸۷۔ انتیسویں شب کی نماز ۴۹۸
۲۸۸۔ آخری شب کی نماز ۴۹۹

(۸) ماہ شوال کی نمازیں ۴۹۹

فضائل ماہ شوال ۴۹۹
۲۸۹۔ نماز شب عید ۵۰۱
۲۹۰۔ نماز شب عید ۵۰۷
۲۹۱۔ نماز عید ۵۰۷
۲۹۲۔ نماز زیارت امام حسینؑ ۵۰۹

۲۹۳۔ نماز زیارت حضرت عباسؑ (روز عید) ۵۱۹

(۹) ماہ ذیقعدہ کی نمازیں ۵۲۰

فضائل ماہ ذیقعدہ ۵۲۰

۲۹۴۔ نماز ذیقعدہ ۵۲۳

۲۹۵۔ نماز پچیسویں ذیقعدہ ۵۲۵

(۱۰) ماہ ذی الحجہ کی نمازیں ۵۲۶

فضائل ماہ ذی الحجۃ ۵۲۶

۲۹۶۔ نماز عشرہ ذی الحجہ ۵۲۸

۲۹۷۔ نماز اول ذی الحجہ ۵۲۹

۲۹۸۔ نماز قبل زوال ۵۳۰

۲۹۹۔ نماز روز عرفہ ۵۳۰

۳۰۰۔ نماز زیارت امام حسینؑ (روز عرفہ) ۵۳۸

۳۰۱۔ نماز عید الاضحی ۵۴۷

۳۰۲۔ نماز شب غدیر ۵۴۷

۳۰۳۔ نماز روز غدیر ۵۵۱

۳۰۴۔ نماز روز غدیر ۵۵۷

۳۰۵۔ نماز روز مباہلہ ۵۶۳

۳۰۶۔ نماز خاتم بخشی ۵۶۴

۳۰۷۔ نماز آخر ذی الحجہ ۵۶۴

چوتھا باب ۵۶۶

عتبات عالیات پر پڑھی جانے والی نمازیں ۵۶۶

۱۔ حجاز میں پڑھی جانے والی نمازیں ۵۶۶

فضائل حج و عمرہ ۵۷۱

فضائل مسجد نبوی ۵۷۴

فضائل مدینہ منورہ ۵۷۵

۳۰۸۔ نماز داخلہ، مسجد نبوی ۵۷۸

۳۰۹۔ نماز زیارت حضرت فاطمہ زہراؑ..... ۵۸۱
۳۱۰۔ نماز زیارت ائمہ بقیعؑ ۵۹۱
۳۱۱۔ نماز زیارت جناب ابراہیمؑ ۵۹۵
۳۱۲۔ نماز زیارتِ والدۂ حضرت علیؑ ۵۹۵
۳۱۳۔ نماز زیارت حضرت حمزہؓ..... ۵۹۹
۳۱۴۔ نماز زیارت شہدائے احد ۶۰۱
۳۱۵۔ نماز مسجد قبا ۶۰۴
۳۱۶۔ نماز مسجد فضیح ۶۲۳
۳۱۷۔ نماز مسجد فتح (احزاب) ۶۲۳
۳۱۸۔ نماز مسجد سلمان فارسی ۶۲۴
۳۱۹۔ نماز مسجد امیر المومنین علیہ السلام ۶۲۴
۳۲۰۔ نماز مسجد فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا ۶۲۵
۳۲۱۔ نماز زیارت نیابت ۶۲۵

۳۲۲۔ نماز داخلۂ حرم ۶۲۹
۳۲۳۔ مسجد کوفہ میں نماز حاجت ۶۲۹
۳۲۴۔ مسجد کوفہ میں نماز حاجت ۶۳۰
۳۲۵۔ حرم امیر المؤمنینؑ میں نماز زیارت ۶۳۱
۳۲۶۔ حرم امیر المؤمنینؑ میں نماز زیارت امام حسینؑ . ۶۴۵
۳۲۷۔ نماز ستون چہارم ۶۴۸
۳۲۸۔ نماز دکۃ القضاء ۶۵۱
۳۲۹۔ نماز مکان طشت ۶۵۲
۳۳۰۔ نماز درمیان مسجد کوفہ ۶۵۴
۳۳۱۔ نماز ستون ہفتم ۶۵۵
۳۳۲۔ نماز ستون پنجم ۶۶۳
۳۳۳۔ نماز ستون سوم ۶۶۵

۳۳۴۔ نماز مقام نوحؑ ۶۷۰
۳۳۵۔ نماز مقام نوحؑ ۶۷۱
۳۳۶۔ مقام نوحؑ پر نماز حاجت ۶۷۴
۳۳۷۔ نماز محرابِ ضربت ۶۷۷
۳۳۸۔ نماز مقام امام صادق علیہ السلام ۶۷۸
۳۳۹۔ نماز مسجد سہلہ ۶۷۹
۳۴۰۔ نماز گوشۂ مسجد سہلہ ۶۸۲
۳۴۱۔ نماز گوشۂ مسجد سہلہ ۶۸۳
۳۴۲۔ نماز گوشۂ مسجد سہلہ ۶۸۴
۳۴۳۔ نماز گوشۂ مسجد سہلہ ۶۸۵
۳۴۴۔ نماز درمیان مسجد سہلہ ۶۸۶
۳۴۵۔ نماز مسجد زیدؒ ۶۸۷
۳۴۶۔ مسجد صعصعہ ۶۹۰

آدابِ زیارت ۶۹۴
۳۴۷۔ نماز زیارت امام حسینؑ ۶۹۹
۳۴۸۔ نماز زیارت امام حسینؑ ۷۰۱
۳۴۹۔ نماز حاجت ۷۰۶
۳۵۰۔ نماز بالیں حضرت امام حسینؑ ۷۰۷
۳۵۱۔ نماز حرمِ امام حسینؑ میں ۷۰۸
۳۵۲۔ نماز لب فرات ۷۱۰
۳۵۳۔ نماز زیارتِ وارثہ ۷۱۰
۳۵۴۔ نماز زیارت حضرت عباسؑ ۷۱۷
۳۵۵۔ نماز شب نیمہ شعبان ۷۱۹
۳۵۶۔ نماز زیارت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ۷۲۰
۳۵۷۔ نماز زیارت امام موسیٰ کاظمؑ ۷۲۶

۳۵۸۔ نماز زیارت امام محمد تقی علیہ السلام ۷۳۱
۳۵۹۔ نماز زیارت حضرت امام محمد تقیؑ ۷۳۳
۳۶۰۔ نماز زیارت امام محمد تقیؑ ۷۳۸
۳۶۱۔ نماز زیارت مشترکہ ۷۳۹
۳۶۲۔ نماز زیارت ائمہ سامرّہ ۷۴۱
۳۶۳۔ نماز زیارت حضرت امام علی نقیؑ ۷۴۳
۳۶۴۔ نماز زیارت امام حسن عسکریؑ ۷۵۲
۳۶۵۔ سرداب میں نماز امام زمانؑ ۷۵۷
۳۶۶۔ امام عصر (عج) کی دوسری نماز زیارت ۷۶۹
۳۶۷۔ نماز طاق کسری ۷۷۳
۳۔ ایران میں پڑھی جانے والی نمازیں ۷۷۳
۳۶۸۔ نماز زیارت امام رضا علیہ السلام ۷۷۶
۳۶۹۔ نماز زیارت حضرت امام رضاؑ ۷۸۱

۳۷۰۔ حرم امام رضاؑ میں نماز حاجت ۷۸۴

پانچواں باب ۷۸۵

واجب نمازیں اور اسکے نوافل ۷۸۵

۳۷۱۔ نماز صبح ۷۸۵

۳۷۲۔ نماز ظہر ۷۸۶

۳۷۳۔ نماز عصر ۷۸۷

۳۷۴۔ نماز مغرب ۷۸۷

۳۷۵۔ نماز عشاء ۷۸۸

تاریخ نماز جمعہ ۷۸۸

۳۷۶۔ نماز جمعہ ۷۹۰

۳۷۷۔ نماز میت ۷۹۱

طریقہ نماز میت ۷۹۲

۳۷۸۔ نماز آیات ۷۹۶

۳۷۹۔ نماز احتیاط ۷۹۷
۳۸۰۔ نماز طواف ۷۹۸
۳۸۱۔ نماز نذر ۷۹۸
۳۸۲۔ نماز شب سے پہلے ۷۹۹
۳۸۳۔ نماز شب ۸۰۱
۳۸۴۔ نماز شفع ۸۰۲
۳۸۵۔ نمازِ شب کے وقت نماز حاجت ۸۰۲
۳۸۶۔ نماز وتر ۸۰۶
فضائل نماز شب ۸۰۷
فضائل نافلہ ۸۱۴
۳۸۷۔ نماز نافلہ صبح ۸۱۵
۳۸۸۔ نماز نافلہ ظہر ۸۱۶
۳۸۹۔ نماز نافلہ عصر ۸۱۶

۳۹۰۔ نماز نافلہ مغرب ۸۱۶
۳۹۱۔ نماز بعد مغرب ۸۱۶
۳۹۲۔ نماز بعد مغرب ۸۱۷
۳۹۳۔ نماز غفلت ۸۲۱
۳۹۴۔ نماز بے گناہ ۸۲۲
۳۹۵۔ نماز غفیلہ ۸۲۳
۳۹۶۔ نماز نافلہ عشاء ۸۲۴
۳۹۷۔ نماز وصیت ۸۲۵
۳۹۸۔ نماز بعد عشاء ۸۲۶
۳۹۹۔ نماز طلب رزق ۸۲۷
ضروری باتیں ۸۲۹
شکیات نماز ۸۳۱

پہلا باب

شب جمعہ و جمعہ میں پڑھی جانیوالی نمازیں

فضائل شب جمعہ و جمعہ

☆ شب جمعہ و جمعہ کی ہر ساعت میں خدا ساٹھ ہزار گناہگاروں کو جہنم سے رہا فرماتا ہے۔

☆ پنجشنبہ کی دوپہر سے جمعہ کی دوپہر کے درمیان مرنے والا فشار قبر سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ شب جمعہ یا روز جمعہ سورہ احقاف و مومنون کی تلاوت کرنے والا دنیا کے فتنہ و فساد سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ خدا اُس چوبیس گھنٹوں میں انجام دی جانے والی عبادت کا ثواب دو برابر عطا فرماتا ہے جمعہ امام زمان علیہ السلام کا دن ہے۔

☆ جمعہ دنوں کا سردار ہے اس کے مرتبہ کا مقابلہ عید و بقر عید بھی نہیں کر سکتی ہے اس دن ایک ایسی گھڑی

ہے کہ اگر اس وقت کوئی دعا کرے تو بہر حال قبول ہوگی۔
(سرکار مدینہؐ)

☆ جمعہ اور شب جمعہ کے دن مرنے والا شہید کا مرتبہ رکھتا ہے۔
(سرکار مدینہؐ)

☆ جمعہ کے دن اگر کسی نے بلا ضرورت زوال سے قبل سفر کیا تو خطرہ ہے کہ واپس نہ ہو سکے۔
(امام صادق علیہ السلام)

☆ جمعہ کے دن خدا اپنی رحمت و مغفرت اہل زمین پر نازل فرماتا رہتا ہے اس دن گناہوں کو معاف کرتا ہے نیکیوں میں اضافہ فرماتا ہے، مرتبہ کو بلند کرتا ہے، دعاؤں کو قبول کرتا ہے، بلاؤں سے نجات دیتا ہے۔ بڑی بڑی حاجتوں کو پورا فرماتا ہے، جمعہ خدا کی عطا و بخشش کا دن ہے۔
(امام صادق علیہ السلام)

☆ جمعہ کے دن اللہ اپنے بندوں کے عذاب میں

تخفیف فرماتا ہے۔ (امام رضا علیہ السلام)

☆ جمعہ کے دن جس کسی نے صبح و ظہر کے بعد اَللّٰھُمَّ صَلِّ علیٰ محمد و اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ عَجِّلْ فَرَجَھُمْ کہا اس وقت تک نہیں مر سکتا ہے جب تک امام عصرؑ کی زیارت نہ کرے۔ اس صلوات کی برکت سے اللہ سو حاجتوں کو روا فرماتا ہے۔

(امام صادق علیہ السلام)

☆ جمعہ کے دن وہ شخص مجھ سے سب سے زیادہ قریب ہے جو مجھ پر سب سے زیادہ صلوات بھیجتا ہے۔

(حضرت ختمی مرتبتؐ)

☆ جمعہ کے دن نماز جمعہ کے پہلے خطبہ کے بعد اور غروب آفتاب کے وقت دعا کے قبول ہونے کا امکان اور وقتوں، کی بہ نسبت بہت زیادہ ہے۔

شب جمعہ میں بے شمار ملائکہ زمین پر نازل ہوتے ہیں جو صرف حضرات محمدؐ و آل محمدؐ پر بھیجی جانے

والی صلوات کو تحریر کرتے رہتے ہیں۔

(امام صادق علیہ السلام)

☆ جمعہ کے دن جب کوئی بندۂ مومن خدا سے دعا کرتا ہے تو اللہ شب جمعہ و جمعہ کے دن تک کے لئے دعا کو مستجاب نہیں فرماتا جب شب جمعہ آجاتی ہے تو اس کی دعا قبول فرماتا ہے۔

☆ مستحب ہے نماز صبح کے بعد سو بار توحید، سو بار استغفار، سو بار صلواۃ پڑھا جائے نماز جمعہ یا ظہر کے بعد سات بار حمد اسی طرح ناس، فلق، توحید، کافرون بھی سات سات بار پڑھے تا کہ آنے والے جمعہ تک بلاوں سے محفوظ رہے۔ نماز جمعہ و ظہر کے بعد سو بار صلواۃ ستر رکعت نماز کے برابر ہے۔ اگر کسی نے جمعہ کے دن قرآن شروع کیا اور جمعہ کے دن ختم کیا خدا اسکی دعا کو حتماً قبول فرمائگا۔ (مصباح کفعمی۔ فصل ۳۸)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

ا۔ نماز شکر

تعداد : دو رکعت زمان: کسی وقت

طریقہ : پہلی رکعت میں

سورہ حمد :ایک بار سورہ توحید:ایک بار

رکوع و سجدہ میں یہ دعا چند بار۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ شُکۡراً شُکۡراً وَ حَمۡداً حَمۡداً

دوسری رکعت میں

سورہ حمد :ایک بار سورہ کافرون :ایک بار

رکوع و سجدہ میں یہ دعا چند بار

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اسۡتَجَابَ دُعَائِیۡ وَ اَعۡطَانِیۡ مَسۡئَلَتِیۡ وَ قَضٰی حَاجَتِیۡ۔

فضیلت: اس نماز کے پڑھنے سے خدا نعمتوں میں اضافہ

فرماتا ہے۔(۱)

مرحوم نوری فرماتے ہیں کہ ہر واجب نماز کو ادا کرنے کے بعد نماز شکر پڑھنا چاہیئے۔

نوٹ: تبرکاً اس نماز سے آغاز کتاب کیا جا رہا ہے ورنہ اس باب سے یہ نماز مخصوص نہیں ہے۔

۲۔ نماز ادائیگی قرض

تعداد :دو رکعت، نماز صبح کی طرح وقت: شب جمعہ

طریقہ :بعد سلام پڑھے۔

یَاحَیُّ یَاقَیُّوم: سو بار، یَاوَھَّاب: ہزار بار

نوٹ: اس عمل کو بارہ شب تک انجام دیتا رہے۔(۱)

۳۔ نماز ادائیگی قرض

تعداد: چار رکعت زمان: صبح پنجشنبہ

طریقہ : پہلی رکعت میں

سورہ حمد : ایک بار سورہ توحید: گیارہ بار

دوسری رکعت میں

سورہ حمد : ایک بار سورہ توحید: اکیس بار

تیسری رکعت میں

سورہ حمد : ایک بار سورہ توحید: اکتیس بار

چوتھی رکعت میں

سورہ حمد : ایک بار سورہ توحید: اکتالیس بار

نماز کے بعد

سورہ توحید : اکاون بار صلواۃ : اکاون بار

سجدہ میں جائے اور سو بار کہے: یَا اَللّٰہُ، یَا اَللّٰہُ

پھر حاجت طلب کرے۔

فضائل:

☆ مرحوم علی بن طاؤسؒ فرماتے ہیں کہ حضرت مرسل اعظم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا اگر کسی نے

اس نماز کو پڑھا تو خدا اس کی دعا کو حتماً مستجاب فرمائیگا۔

☆ اگر نمازی نے پہاڑوں کے ٹلنے' بارش کے ہونے جیسی دعا کی تو خدا اس کو بھی قبول فرمائیگا۔

☆ خدا غضب ناک ہوتا ہے اس شخص پر جو اس نماز کو پڑھ کر خدا سے حاجت طلب نہ کرے۔(۱)

۴۔ نماز حصول مال و عزّت

تعداد :دو رکعت وقت :جمعرات کے دن

طریقہ :۔ ہر رکعت میں

سورہ حمد :ایک بار یہ آیہ کریمہ :پانچ سو بار

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا۔

فضیلت: اس نماز کے لئے صاحب گوہر "شب چراغ" نے لکھا ہے کہ بہت مجرب ہے، دعا مستجاب ہو کر رہتی ہے۔(۲)

۵۔ نماز حاجت

تعداد: دو رکعت وقت: شب عید قربان یا شب جمعہ

طریقہ : دونوں رکعتوں میں

سورہ الحمد میں "ایَّاكَ نعبد و ایَّاكَ نستعین" کے فقرے کو سو بار کہے پھر سورہ تمام کرے۔

سورہ توحید : دو سو بار

نماز کے بعد ستر بار کہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

حالت سجدہ میں دو سو بار کہے۔ یا ربِّ یَا رَبِّ اور حالت سجدہ میں ہی حاجت طلب کرے۔(۱)

۶۔ نماز حاجت

تعداد : دو رکعت، نماز صبح کی طرح

شرائط: (۱) بدھ، جمعرات، جمعہ روزہ رکھے۔

(۲) جمعہ کے دن غسل کرے۔ (۳) پاکیزہ و نیا کپڑہ پہنے۔
(۴) گھر کی چھت پر جائے نماز پڑھ کر ہاتھ بلند کر کے اور ان الفاظ میں حاجت طلب کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ حَلَلْتُ بِسَاحَتِكَ لِمَعْرِفَتِیْ بِوَحْدَانِیَّتِكَ وَ صَمَدَانِیَّتِكَ وَ اَنَّهٗ لَا قَادِرًا عَلٰی قَضَآءِ حَاجَتِیْ غَیْرُكَ وَ قَدْ عَلِمْتُ یَا رَبِّ اَنَّهٗ كُلَّمَا تَظَاهَرَتْ نِعْمَتُكَ عَلَیَّ اشْتَدَّتْ فَاقَتِیْ اِلَیْكَ وَ قَدْ طَرَقَنِیْ هَمُّ۔ حاجت طلب کرے۔

وَاَنْتَ بِكَشْفِهٖ عَالِمٌ غَیْرُ مُعَلِّمٍ وَاسِعٌ غَیْرُ مُتَكَلِّفٍ فَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ عَلَی الْجِبَالِ فَنُسِفَتْ وَ وَضَعْتَهٗ عَلَی السَّمٰوٰتِ فَانْشَقَّتْ وَعَلَی النُّجُوْمِ فَانْتَثَرَتْ وَعَلَی

الْاَرْضِ فَسُطِحَتْ وَ اَسْئَلُكَ بِالْحَقِّ الَّذِیْ جَعَلْتَهٗ عِنْدَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَ عِنْدَ عَلِیٍّ وَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ وَ عَلِیٍّ وَ مُحَمَّدٍ وَ جَعْفَرٍ وَ مُوسٰی وَ عَلِیٍّ وَ مُحَمَّدٍ وَ عَلِیٍّ وَ الْحَسَنِ وَ الْحُجَّةِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَ اَنْ تَقْضِیَ لِیْ حَاجَتِیْ وَ تُیَسِّرَ لِیْ عَسِیْرَهَا وَ تَكْفِیَنِیْ مُهِمَّهَا فَاِنْ فَعَلْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَلَكَ الْحَمْدُ غَیْرَ جَائِرٍ فِیْ حُكْمِكَ وَلَا مُتَّهَمٍ فِیْ قَضَائِكَ وَلَا حَآئِفٍ فِیْ عَدْلِكَ۔

رخسار کو زمین پہ رکھے اور کہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ یُوْنُسَ بْنَ مَتّٰی عَبْدَكَ وَ نَبِیَّكَ دَعَاكَ فِیْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَهُوَ عَبْدُكَ

فَاسْتَجَبْتَ لَهُ وَ اَنَا عَبْدُكَ اَدْعُوكَ فَاسْتَجِبْ لِیْ۔ حاجت طلب کرے۔

فضائل: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب بھی مجھے کوئی حاجت ہوئی اس نماز کو پڑھا حضرت احدیت نے میری حاجت روا فرمائی۔

مرحوم سید طاؤسؒ نے فرمایا کہ جب تم کو کسی بادشاہ سے کوئی غرض ہوتی ہے تو تم اس سے ملاقات کا بڑا اہتمام کرتے ہو اسی طرح خدا سے حاجت طلب کرتے وقت غیر خدا کے تصور کو خدا پر مقدم نہ کرنا ورنہ یہ انداز خداوند کریم کی شان میں جسارت و گستاخی ہے۔(۱)

۷۔ نماز حاجت

تعداد :دو رکعت **وقت** :روز جمعہ

طریقہ : ہر رکعت میں

سورہ حمد :**ایک بار** سورہ ابراہیم : **ایک بار**

دوسری رکعت میں

سورہ حمد : ایک بار سورہ حجر : ایک بار

فضیلت: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا اس نماز کا پڑھنے والا نہ کبھی پریشان ہو گا اور نہ پاگل و دیوانہ اور نہ ہی کسی بلا میں مبتلا ہو گا۔(۱)

۸۔ نماز بے مثال

تعداد :دو رکعت، نماز صبح کی طرح

زمان :بعد نماز صبح، پنجشنبہ یا جمعہ

شرائط: (۱) غسل کرے۔(۲) عقیق یا فیروزہ کی انگوٹھی پہنے۔ (۳) لباس پاک و پاکیزہ رکھے۔ (۴) عمل کے درمیان کسی سے گفتگو نہ کرے۔ (۵) تنہائی میں عمل انجام دے۔

طریقہ :سلام کے بعد پڑھے۔

سورہ حمد: ستر بار صلواۃ: سو بار سورہ الم نشرح: اناسی بار

سورہ توحید: ایک ہزار ایک بار سورہ حمد: سات بار

صلواۃ : سو بار

فضائل:

(۱) یہ نماز اسرار الٰہی ہے۔

(۲) اگر دعا پوری ہونے والی نہیں ہوگی تو خدا اس نماز کے پڑھنے کی توفیق عنایت نہیں فرمائیگا۔

(۳) بعض افاضل اور دوستوں نے مجھے بتایا کہ آزمودہ ہے۔ حسینیؔ

نوٹ: اگر کسی مجبوری سے نماز صبح کے بعد یہ عمل نہیں کرسکتا ہو تو کسی وقت بھی انجام دے سکتا ہے۔ (۱)

۹۔ نماز وسعت رزق

تعداد :دو رکعت، نماز صبح کی طرح

شرائط: (۱) آغاز پنجشنبہ، جمعہ یا دوشنبہ سے کرے۔

(۲) غسل کرے۔

طریقہ : سلام کے بعد حضرت رسول خداؐ کی خدمت میں صلوٰۃ ہدیہ کرے۔

صلوٰۃ :سو بار، یہ آیۂ کریمہ: ایک سو انسٹھ بار

وَ مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۔ وَ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ، وَ مَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ، اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْراً ۔ (۲)

☆ پھر چالیس روز تک صرف آیہ کریمہ کی ۱۵۹ بار بغیر نماز و صلواۃ کے تلاوت کرے۔

☆ چالیسویں دن اس آیۂ کریمہ کو ایک سو اٹھاسی بار پڑھے۔ (۱)

لیکن صاحب اعجاز القرآن نے ایکسو اناسی ۱۷۹ بار لکھا ہے۔

۱۰۔ نماز وسعت رزق

تعداد: دو رکعت زمان: جمعرات طلوع آفتاب سے پہلے

طریقہ: پہلی رکعت میں

سورہ حمد :ایک بار سورہ کافرون :سات بار

دوسری رکعت میں

سورہ حمد :ایک بار سورہ توحید:سات بار

سلام کے بعد سجدہ میں دس بار کہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ

پھر دس بار کہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

دس مرتبہ صلوات پڑھے پھر دس مرتبہ پڑھے۔یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ

پھر دس بار کہے۔

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ وَ عَذَابَ الْقَبْرِ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔(۲)

۱۱۔ نماز اعرابی

تعداد :دو رکعت

وقت : جمعہ کے دن سورج بلند ہوتے وقت

طریقہ: پہلی رکعت میں

سورہ حمد :**ایک بار** سورہ فلق :**سات بار**

دوسری رکعت میں

سورہ حمد: **ایک بار** سورہ ناس: **سات بار**

نماز کے بعد آیۃ الکرسی **سات بار** پڑھے۔ پھر آٹھ رکعت نماز ادا کرے۔

طریقہ: نماز ظہر و عصر کی طرح یعنی چار چار رکعت پر

سلام پڑھے۔ لیکن ہر رکعت میں

سورہ حمد: ایک بار　　سورہ نصر: ایک بار

سورہ توحید: پچیس بار

سلام کے بعد اس دعا کو سات بار پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ رَحِيْمَهُمَا يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاغْفِرْلِيْ۔ حاجت طلب کرے اور کہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ: ستر بار

سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ: ایک بار

فضائل: حضرت مرسل اعظم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے

فرمایا کہ جس مومن اور مومنہ نے اس نماز کو ادا کیا میں ضامن ہوں کہ۔

- اس کے گناہ بخش دئے جائیں گے۔
- بہشت اس پر واجب ہے۔
- خدا نمازی کے والدین کے گناہ بخل فرمائیگا۔
- نمازی کو مغرب و مشرق میں نماز پڑھنے و روزہ رکھنے والوں کے ثواب کے بقدر ثواب عطا فرمائیگا۔

اس نماز کے لئے روایت یہ بتاتی ہے کہ ایک شخص بنام ابن نویرہ یربوعی مدینہ منورہ کے دیہات کا رہنے والا تھا حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ میں نماز جمعہ میں دوری کی وجہ سے شریک نہیں ہو پاتا مجھے کوئی ایسا عمل تعلیم فرمائیں جس سے نماز جمعہ کا کھویا ہوا ثواب ملتا رہے اس کے مطالبہ پر حضرت نے یہ نماز تعلیم فرمائی۔(۱)

نوٹ: مصباح میں نماز کے بعد کی دعا محدث قمیؒ کی دعا سے مختلف ہے اس جگہ محدث قمی کی دعا کو اختیار کیا گیا ہے۔

۲۵۔۱۲۔ نماز ہدیہ ائمہ طاہرین

تعداد: آٹھ رکعت **زمان:** جمعہ

طریقہ: نماز صبح کی طرح دو، دو رکعت کر کے پڑھے۔

چار رکعت حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ہدیہ کرے اور چار رکعت حضرت خاتون جنت سلام اللہ علیہا کو پھر اس دعائے ہدیہ کو پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَلسَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ حَيِّنَا رَبَّنَا مِنْكَ بِالسَّلَامِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهِ الرَّكَعَاتِ هَدِيَّةٌ مِّنَّا اِلٰى وَلِيِّكَ فُلَانٍ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِهِ وَ بَلِّغْهُ اِيَّاهَا وَ اَعْطِنِيْ اَفْضَلَ اَمَلِيْ وَ رَجَآئِيْ فِيْكَ وَ فِيْ رَسُوْلِكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ اٰلِهِ وَفِيْهِ۔

نوٹ: یہ دعا ہر روز ہدیہ کرتے وقت پڑھی جائے گی۔

۲۶۔ نماز حضرت رسول اللہِ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

تعداد : دو رکعت **وقت**: روز جمعہ

طریقہ : پہلی رکعت میں

سورہ حمد کے بعد سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پندرہ بار

رکوع میں سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پندرہ بار

رکوع کے بعد کھڑے ہو کر

سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پندرہ بار

سجدہ میں سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پندرہ بار

سجدہ کے بعد بیٹھ کر سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پندرہ بار

دوسرے سجدہ میں سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پندرہ بار

سجدہ کے بعد بیٹھ کر سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پندرہ بار

اسی طرح دوسری رکعت بھی ادا ہوگی اور نماز کے بعد یہ دعا

پڑھے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّنَا وَ رَبُّ اٰبَآئِنَا الۡاَوَّلِیۡنَ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِلٰھًا وَاحِداً وَ نَحۡنُ لَہٗ مُسۡلِمُوۡنَ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا نَعۡبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ، مُخۡلِصِیۡنَ لَہُ الدِّیۡنَ، وَلَوۡ کَرِہَ الۡمُشۡرِکُوۡنَ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ وَحۡدَہٗ وَحۡدَہٗ اَنۡجَزَ وَعۡدَہٗ، وَ نَصَرَ عَبۡدَہٗ، وَ اَعَزَّ جُنۡدَہٗ، وَ ھَزَمَ الۡاَحۡزَابَ وَحۡدَہٗ، فَلَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ، وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ، اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ، وَ مَنۡ فِیۡھِنَّ فَلَکَ الۡحَمۡدُ، وَ اَنۡتَ قَیَّامُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَ مَنۡ فِیۡھِنَّ، فَلَکَ الۡحَمۡدُ، وَ اَنۡتَ الۡحَقُّ، وَوَعۡدُکَ الۡحَقُّ، وَ قَوۡلُکَ حَقٌّ، وَاِنۡجَازُکَ

حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ اغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَاَخَّرْتُ وَاَسْرَرْتُ وَاَعْلَنْتُ اَنْتَ اِلٰهِي لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔

فضیلت: خدا گناہوں کو بخش دیتا ہے اور حاجتوں کو مستجاب فرماتا ہے۔(۱)

۲۷۔ نماز حضرت علی علیہ السلام

تعداد: چار رکعت　　وقت: شب جمعہ، وروز جمعہ

طریقہ: ہر رکعت میں۔

سورہ حمد: ایک بار　　سورہ قل ہو اللہ: پچاس بار

نماز کے بعد اس دعا کو پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سُبۡحَانَ مَنۡ لَّا تَبِیۡدُ مَعَالِمُہٗ سُبۡحَانَ مَنۡ لَا تَنۡقُصُ خَزَآئِنُہٗ سُبۡحَانَ مَنۡ لَّا اضۡمِحۡلَالَ لِفَخۡرِہٖ سُبۡحَانَ مَنۡ لَّا یَنۡفَدُ مَا عِنۡدَہٗ سُبۡحَانَ مَنۡ لَّا انۡقِطَاعَ لِمُدَّتِہٖ سُبۡحَانَ مَنۡ لَّا یُشَارِکُ اَحَداً فِیۡ اَمۡرِہٖ سُبۡحَانَ مَنۡ لَّا اِلٰہَ غَیۡرُہٗ۔

اپنی حاجت طلب کرے پھر اس دعا کو پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا مَنۡ عَفَا عَنِ السَّیِّئَاتِ وَ لَمۡ یُجَازِ بِہَا اِرۡحَمۡ عَبۡدَکَ یَا اَللّٰہُ نَفۡسِیۡ نَفۡسِیۡ اَنَا عَبۡدُکَ یَا سَیِّدَاہُ اَنَا عَبۡدُکَ بَیۡنَ یَدَیۡکَ اَیَا رَبَّاہُ اِلٰہِی بَکَیۡنُوۡنَتِکَ یَا اَمَلَاہُ یَا رَحۡمَانَاہُ یَا غِیَاثَاہُ

عَبْدُكَ عَبْدُكَ لَا حِيلَةَ لَهُ يَا مُنْتَهٰى رَغْبَتَاهُ يَا
مُجْرِيَ الدَّمِ فِيْ عُرُوْقِيْ عُبْدَكَ يَا سَيِّدَاهُ يَا مَا
لِكَاهُ اَيَا هُوَ اَيَاهُوَ يَارَبَّاهُ عَبْدُكَ عَبْدُكَ لَا
حِيلَةَ لِيْ وَلَا غِنٰى بِيْ عَنْ نَفْسِيْ وَلَا اَسْتَطِيْعُ
لَهَا ضَرًّا وَلَا نَفْعاً وَلَا اَجِدُ مَنْ اُصَانِعُهُ
تَقَطَّعَتْ اَسْبَابُ الْخَدَايِعِ عَنِّيْ وَاضْمَحَلَّ كُلُّ
مَظْنُوْنٍ عَنِّيْ اَفْرَدَنِيَ الدَّهْرُ اِلَيْكَ فَقُمْتُ بَيْنَ
يَدَيْكَ هٰذَا الْمَقَامَ يَا اِلٰهِيْ بِعِلْمِكَ كَانَ هٰذَا
كُلُّهُ فَكَيْفَ اَنْتَ صَانِعٌ بِيْ وَ لَيْتَ شِعْرِيْ
كَيْفَ تَقُوْلُ لِدُعَآئِيْ اَتَقُوْلُ نَعَمْ اَمْ تَقُوْلُ لَا
فَاِنْ قُلْتَ لَا فِيَا وَيْلِيْ يَا وَيْلِيْ يَا وَيْلِيْ يَا عَوْلِيْ يَا
عَوْلِيْ يَا عَوْلِيْ يَا شِقْوَتِيْ يَا شِقْوَتِيْ يَا شِقْوَتِيْ يَا

ذُلِّیْ یَا ذُلِّیْ یَا ذُلِّیْ اِلٰی مَنْ وَ مِمَّنْ اَوْ عِنْدَ مَنْ
اَوْ کَیْفَ اَوْ مَا ذَا اَوْ اِلٰی اَیِّ شَیْءٍ اَلْجَاءُ وَ مَنْ
اَرْجُوْ وَ مَنْ یَجُوْدُ عَلَیَّ بِفَضْلِهٖ حِیْنَ تَرْفُضُنِیْ یَا
وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ وَاِنْ قُلْتَ نَعَمْ کَمَا هُوَ الظَّنُّ
بِكَ وَالرَّجَآءُ لَكَ فَطُوْبٰی لِیْ اَنَا السَّعِیْدُ وَ اَنَا
الْمَسْعُوْدُ فَطُوْبٰی لِیْ وَ اَنَا الْمَرْحُوْمُ یَا مُتَرَحِّمُ
یَامُتَرَئِّفُ یَا مُتَعَطِّفُ یَا مُتَجَبِّرُ یَا مُتَمَلِّكُ یَا
مُقْسِطُ لَا عَمَلَ لِیْ اَبْلُغُ بِهٖ نَجَاحَ حَاجَتِیْ
اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ جَعَلْتَهٗ فِیْ مَكْنُوْنِ
غَیْبِكَ وَاسْتَقَرَّ عِنْدَكَ فَلَا یَخْرُجُ مِنْكَ اِلٰی
شَیْءٍ سِوَاكَ اَسْئَلُكَ بِهٖ، وَبِكَ وَبِهٖ فَاِنَّهٗ اَجَلُّ
وَاَشْرَفُ اَسْمَآئِكَ لَا شَیْءَ لِیْ غَیْرُ هٰذَا وَلَا اَحَدَ

اَعُوْدُ عَلَيَّ مِنْكَ يَا كَيْنُوْنُ يَا مُكَوِّنُ يَا مَنْ
عَرَّفَنِيْ نَفْسَهُ يَا مَنْ اَمَرَنِيْ بِطَاعَتِهِ يَا مَنْ نَهَانِيْ
عَنْ مَعْصِيَّتِهِ وَ يَا مَدْعُوُّ يَا مَسْئُوْلُ يَا مَطْلُوْبًا
اِلَيْهِ رَفَضْتُ وَصِيَّتَكَ الَّتِيْ اَوْ صَيْتَنِيْ وَلَمْ
اُطِعْكَ وَلَوْ اَطَعْتُكَ فِيْمَا اَمَرْتَنِيْ لَكَفَيْتَنِيْ مَا
قُمْتُ اِلَيْكَ فِيْهِ وَ اَنَا مَعَ مَعْصِيَتِيْ لَكَ رَاجٍ
فَلَا تَحُلْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ مَا رَجَوْتُ يَا مُتَرَحِّماً لِيْ
اَعِذْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَ مِنْ خَلْفِيْ وَ مِنْ فَوْقِيْ وَ
مِنْ تَحْتِيْ وَ مِنْ كُلِّ جِهَاتِ اِلْاِحَاطَةِ بِيْ اَللّٰهُمَّ
بِمُحَمَّدٍ سَيِّدِيْ وَ بِعَلِيٍّ وَلِيِّ وَ بِالْاَئِمَّةِ
الرَّاشِدِيْنَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اجْعَلْ عَلَيْنَا
صَلَوَاتِكَ وَرَافَتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَاَوْسِعْ عَلَيْنَا

مِنْ رِزْقِكَ وَاقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَ جَمِيْعَ حَوَآئِجِنَا يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

فضیلت: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ خدا اس نماز کے پڑھنے والے کے گناہ معاف کر دیتا ہے اور اس کا نامہ اعمال اس قدر صاف ستھرا ہو جاتا ہے گویا اسی دن اس کی ولادت ہوئی ہے۔ نماز گذار کا گناہ باقی نہیں رہتا۔ مرحوم شیخ عباس قمیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی نے اس نماز کو جمعہ یا شب جمعہ ادا کیا اور نماز کے بعد کہا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ وَ اٰلِهٖ۔

تو اسے بارہ بار قرآن ختم کرنے کا ثواب عطا ہو گا۔

مرحوم سید ابن طاؤسؒ نے جمال الاسبوع میں مزید فرمایا ہے کہ اس نماز کا پڑھنے والا سکرات موت، قیامت کی بھوک، پیاس، ابلیس کے شر سے بچا رہے گا اور جس دن

نماز پڑھی ہے اگر اسی شب و روز میں مر گیا تو درجہ شہادت پر فائز ہو گا اس کے نماز و روزے مقبول ہونگے اور قبض روح کے بعد رضوان کو اس کی روح حوالے کی جائے گی۔(۱)

۲۸۔ نماز فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا۔ الف

تعداد :دو رکعت **وقت**:روز جمعہ افضل ہے۔

طریقہ :پہلی رکعت میں

سورہ حمد: **ایک بار** سورہ قدر: سو بار

دوسری رکعت میں

سورہ حمد: **ایک بار** سورہ توحید: **سو بار**

نماز کے بعد یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحَانَ ذِي الْعِزِّ الشَّامِخِ الْمُنِيْفِ سُبْحَانَ ذِي الْجَلَالِ الْبَاذِخِ الْعَظِيْمِ سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ

الْفَاخِرِ الْقَدِيْمِ سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْبَهْجَةَ وَالْجَمَالَ سُبْحَانَ مَنْ تَرَدّٰى بِالنُّوْرِ وَالْوَقَارِ سُبْحَانَ مَنْ يَرٰى اَثَرَ النَّمْلِ فِي الصَّفَا سُبْحَانَ مَنْ يَرٰى وَقْعَ الطَّيْرِ فِي الْهَوَآءِ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ هٰكَذَا لَا هٰكَذَا غَيْرُهٗ۔

تسبیح فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کے بعد سو بار صلوٰۃ پڑھے۔
صلوٰۃ کے بعد آستین اور زانو سے کپڑا ہٹا کر سجدہ میں جائے اور حالت سجدہ میں خدا سے دعا مانگے پھر اس دعا کو پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا مَنْ لَيْسَ غَيْرَهٗ رَبٌّ يُدْعٰى يَا مَنْ لَيْسَ فَوْقَهٗ اِلٰهٌ يُخْشٰى يَا مَنْ لَيْسَ دُوْنَهٗ مَلِكٌ يُتَّقٰى يَا مَنْ لَيْسَ لَهٗ وَزِيْرٌ يُؤْتٰى يَا مَنْ لَيْسَ لَهٗ حَاجِبٌ يُرْشٰى يَا مَنْ لَيْسَ لَهٗ بَوَّابٌ يُغْشٰى يَا مَنْ لَا يَزْدَادُ عَلٰى كَثْرَةِ السُّوَالِ اِلَّا كَرَمًا

وَجُوْداً وَعَلٰی کَثْرَۃِ الذُّنُوْبِ اِلَّا عَفْوًا وَصَفْحًا
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ بِیْ۔ حاجت طلب کرے۔

فضیلت: روایت بتاتی ہے کہ اس نماز کو جناب جبرئیل امینؑ نے فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا تک پہنچایا تھا۔(۱)

۲۹۔ نماز فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا۔ ب

تعداد: چار رکعت وقت: روز جمعہ افضل ہے۔

طریقہ: غسل کے بعد نماز صبح کی طرح دو دو رکعت کرکے پڑھے۔

پہلی رکعت میں

سورہ حمد: ایک بار سورہ توحید: پچاس بار

دوسری رکعت میں

سورہ حمد: ایک بار سورہ عادیات: پچاس بار

تیسری رکعت میں

سورہ حمد: ایک بار　　سورہ زلزال: پچاس بار

چوتھی رکعت میں

سورہ حمد: ایک بار　　سورہ نصر: پچاس بار

بعد میں اس دعا کو پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِلٰھِیۡ وَ سَیِّدِیۡ مَنۡ تَھَیَّأَ اَوۡ تَعَبّٰی اَوۡ اَعَدَّ اَوِ
اسۡتَعَدَّلِوِفَادَةِ مَخۡلُوۡقٍ رَجَآءَ رِفۡدِہٖ وَ فَوَائِدِہٖ وَ
نَائِلِہٖ وَ فَوَاضِلِہٖ وَ جَوَآئِزِہٖ فَاِلَیۡكَ یَا اِلٰھِیۡ
كَانَتۡ تَھۡیِئَتِیۡ وَ تَعۡبِئَتِیۡ وَ اِعۡدَادِیۡ
وَاسۡتعدادیۡ رَجَآءَ فَوَآئِدِكَ وَ مَعۡرُوۡفِكَ وَ
نَآئِلِكَ وَ جَوَآئِزِكَ فَلَا تُخَیِّبۡنِیۡ مِنۡ ذٰلِكَ یَا مَنۡ
لَا تَخِیۡبُ عَلَیۡہِ مَسۡئَلَةُ السَّآئِلِ وَلَا تَنۡقُصُہٗ
عَطِیَّةُ نَآئِلٍ فَاِنِّیۡ لَمۡ اٰتِكَ بِعَمَلٍ صَالِحٍ

قَدَّمْتُهُ وَلَا شَفَاعَةَ مَخْلُوْقٍ رَجَوْتُهُ اَتَقَرَّبُ
اِلَيْكَ بِشَفَاعَتِهِ اِلَّا مُحَمَّدًا وَ اَهْلَ بَيْتِهِ
صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمْ اَتَيْتُكَ اَرْجُوْ
عَظِيْمَ عَفْوِكَ الَّذِىْ عُدْتَ بِهِ عَلَى الْخَطَّآئِيْنَ
عِنْدَ عُكُوْفِهِمْ عَلَى الْمَحَارِمِ فَلَمْ يَمْنَعْكَ
طُوْلُ عُكُوْفِهِمْ عَلَى الْمَحَارِمِ اَنْ جُدْتَ
